28/03/2026

07.40 / PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔خبروں کا بلیٹن لےکر مینبصارت گُل

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ وکست بھارت کے خواب کو پور اکرنے کیلئے کئے جا رہے ہیں مناسب اقدامات // وزیرا عظم نریندر مودی

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر میں نشہ مکت بھارت ابھیان کی عمل آوری کا لیا جائزہ ۔

*........ کرناہ کوسرحدی سیاحت کے نقشے پر لانے کیلئے سرکارسنجیدہ // اسمبلی میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا بیان۔

اور

*........ وزیر اعظم نریندر مودی کل اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں کریں گے مختلف موضوعات پر اظہار خیال۔

وزیر اعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے آج اُتر پردیش کے گوتم بدھ نگر ضلع میں نوئیڈا انٹر نیشنل ائر پورٹ کے پہلے مرحلے کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہاکہ بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے ٹھوس اور نتیجہ خیز اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوننے کہا کہ اس سفر میں ہوائی اڈوں کا قیام ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

ایل جی نشہ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں کشمیر انتظامیہ کے اعلیٰ افسروں کی میٹنگ میں جموں کشمیر میں نشہ مکت بھارت ابھیان کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوںنے جمونکشمیر کو مکمل طور نشہ مکت بنانے کیلئے عوامی شرکت دار ی کو یقینی بنانے کی ضرور ت پر زور دیتے ہوئے منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت دی ۔ لیفٹنٹ گورنر نے جموں کشمیر میں آنے والے دنوں میں چلائی جانے والی نشہ مخالف مہم کیلئے مختلف محکموں کی تیاریونکا جائزہ لیا۔

نلین پربھات اور دیگر کئی اعلیٰ افسران بھی موجود DGPمیٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، تھے۔

ملاقات

جمونو کشمیرکے سابق نائب وزیر اعلیٰ تارا چند آج جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں تھیٹر سے وابستہ ایک ادکار اور ڈائریکٹر اشرف فیاض نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا

*........اب پیش ہیں جموں کشمیر کے ایوان اسمبلی سے اہم خبریں۔

عمر اسمبلی

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکار کپواڑہ ضلع کے کرناہ علاقے کو سرحدی سیاحت کے نقشے پر لانے کا منصوبہ بنا رہی ہے ۔ آج اسمبلی میں MLAکرناہ جاوید احمدمرچال کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہاکہ کرناہ میں ٹریکنگ اور ہائیکنگ کی وسیع گنجائش

ڈوڈہ ویسٹ شکتی راج پریہار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا MLAموجود ہے ۔ کہ اس ضلعے میں سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کےلئے کئی مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے۔

نائب وزیرا علیٰ اسمبلی

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے آج ایوان کو بتایا کہ سرینگر کے حلقہ انتخاب عید گاہ میں سال2024-25اور2025-26کے دوران آگ ک وارداتوں سے متاثر ہوئے افراد میں 27لاکھ 24ہزار روپے کی رقم تقسیم کی گئی ہے ۔ وہ MLA مبارک گل کی توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دے رہے تھے۔

رانا اسمبلی1

ایوان میں MLA خانصاحب سیف الدین بٹ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہاکہ خانصاحب حلقے میں آبپاشی نظام کو مزید ترقی دینے کیلئے سال 2025-26کے دوران 54لاکھ62ہزار روپے لاگت والے کاموں کو دردست لیا گیا ہے۔

ممبر اسمبلی چندر پرکاش گنگاکے سوال کاوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے بدلے جواب دیتے ہوئے جاوید احمد رانا نے ملکیتی حقوق کے تحت حاصل کی گئی زمین کی منتقلی پر پابندی کے تعلق سے سرکار کے موقف کی وضاحت کی ۔ اس موقعے پر آر ایس پھٹانیہ نے ضمنی سوال ابھارا۔

ممبر اسمبلی ڈاکٹر شفیع احمد وانی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے جاوید احمد رانا نے کہاکہ سرکار نے ماگام قصبے میں پینے کے پانی کی سپلائی مزید مستحکم بنانے کیلئے AMRUT کے دوسرے مرحلے کے تحت واٹر سپلائی اسکیم کو در دست لیا ہے جس کیلئے دو کروڑ17لاکھ روپے کی رقم واگذار کی گئی ہے ۔

رانا اسمبلی2

علی محمد ساگر کے بدلے سلمان علی ساگر کی جانب سے پیش کی گئی توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ جنگلی حیات کے تحفظ سے متعلق محکمے نے ہارون سرینگر میں واقع داچھی گام نیشنل پارک کے ارد گرد انسانوں اور جنگلی جانوروں کے درمیان تصادم کو روکنے کیلئے مناسب اقدامات کئے ہیں۔

سکینہ اسمبلی

وزیر صحت سکینہ ایتو نے ممبر اسمبلی افتخار احمد کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو جانکاری دی کہ سرکار جموں کشمیر میں منشیات کے استعمال کی بدعت کے خاتمے کیلئے مناسب اقدامات کر رہی ہے۔

ڈاکٹر بشیر احمد شاہ ویری کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر موصوفہ نے کہاکہ ہیلتھ MLA سیکٹر کو مزید مستحکم بنانے کیلئے مختلف منصوبے عملائے جا رہے ہیں۔

بل پاس

دریں اثنا اسمبلی میں آج چھوٹے جرائم ، کوڑھ کی بیماری سے متاثرہ افراد کے ساتھ امتیازی سلوک اور جموں کشمیر سول کورٹس ایکٹ1977میں ترمیم سے متعلق تین بل صوتی ووٹ کے ذریعے پاس کئے گئے ۔ یہ بل ایوان میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پیش کئے تھے۔

اس سے قبل ممبران اسمبلی سیف اللہ میر، نظام الدین بٹ اور بلونت سنگھ منکوٹیہ نے وزیر اعلیٰ کی یقین دہانی کے بعد ان تین بلوں میں ترامیم سے متعلق اپنی تجاویز واپس لے لیں۔

وحید الرحمان

پلوامہ وحید الرحمان پرہ نے نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر MLA کے سینئر لیڈر اورPDP فاروق عبداللہ پر جموں میں حالیہ دنوں ہوئے حملے کی مذمت کی ہے ۔ آج اسمبلی میں بولتے ہوئے وحید الرحمان نے کہاکہ جموں کشمیر کی کچھ اہم سیاسی شخصیات اور ممبران اسمبلی یہاں کے لوگوں اور قوم کی خدمت کرتے ہیں اور اس تناظر میں ایسی شخصیات کو مناسب سکیورٹی فراہم کی جانی چاہیے۔تاکہ ان کی جانوں کو ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھا جا سکے۔

راتھر

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر کی صدارت میں آج اسمبلی کمپلیکس میں اعلیٰ سطح کی اپیکس کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں اسمبلی کے کام کاج میں نیشنل ای ودھان اپلی کیشن کو متعارف کرنے کے عمل کا جائزہ لیا گیا ۔

جاوید ڈار

وزیرزراعت جاوید احمد ڈار نے آج جموں صوبے کے آر ایس پورہ علاقے میننئے تعمیر کئے گئے سب ڈویژنل ویٹرنٹری اسپتال کا افتتاح کیا۔انہوں نے کہا کہ اس سہولت سے ویٹرنری شعبے سے وابستہ کسانوں کو مویشیوں کے علاج میں جدیدسہولیات دستیاب رہیں گی۔اس موقعے پر سُچیت گڑھ پروفیسر گورو رام بھگت کے علاوہ محکمے کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔MLA

کھٹانہ

کے سینئر لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے آج پارلیمنٹ میں دیہی ترقی BJP سے متعلق کئی سوالات اُجا گر کرتے ہوئے اس بارے میں سرکاری اسکیموں کی عمل آوری سے متعلق تفصیلات طلب کیں۔اس کے رد عمل میں دیہی ترقی کی وزارت نے ممبر موصوف کو تفصیلاً تحریری جواب فراہم کیا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----

ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی کل صبح11بجے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 132ویں شمارے میں مختلف موضوعات پر اظہار خیال کریں گے ۔ یہ پروگرام دور درشن اور آکاشوانی نیوز ، اطلاعات و نشریات کی DDنیوز ، AIR کے پورے نیٹ ورک سے نشر کیا جائے گا۔پروگرام کے یوٹیوب چینلز پر بھی لائیو سٹریم کیا جائے گا۔PMO وزارت اور

گیس

مرکزی سرکار نے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے فقدا ن سے متعلق سوشل میڈیا پر پھیلائی جا رہی خبروں کومسترد کیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو کے Fact Check Unit نے کہا ہے کہ ایسے سبھی دعوے بے بنیاد ہیں اور ملک کے کسی بھی خطے مینپیٹرولیم مصنوعات یا رسوئی گیس کی کوئی قلت نہیں ہے۔

اعجاز ایوب

مغربی ایشیاءمیں جاری کشیدگی کے نتیجے میں کئی ممالک مینسپلائی چین متاثر ہوئی ہے۔ اس سلسلے میں جموں کشمیر کے ایک نامور ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ ایک خصوصی انٹر ویو کے دوران کہا۔

Dr. Aijaz Ayoub

رومشو

بقائے حیات میں پانی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔پانی کے تحفظ کو پائیدار ترقیاتی اہداف کے حصول کے ساتھ جوڑا جارہا ہے ۔ اس سلسلے میں اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کے وائس چانسلر اور معروف Earth Scientist پروفیسر شکیل احمد رومشو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

ڈاکٹر گنائی

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کو ریفرل نظام میں کلیدی اہمیت حاصل ہے اور اس نظام میں اب کافی حد تک بہتری لائی گئی ہے۔اس تعلق سے سکمز صورہ کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمدا شرف گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

NIT

NITسرینگر میں آج سے Cursor ہیکاتھان کشمیر کا آغاز ہو۔2روز تک جا ری رہنے والی اس ہیکا تھان کے سلسلے میں ادارے کے ڈائریکٹر پروفیسر بِنود کمار کنوجیا نے اپنے پیغام میں کہا کہ اس سے طالب علموں میں ٹیم ورک کا جذبہ پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ اختراعیت کی صلاحیت کو فروغ ملے گا۔

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کی سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سرینگر ۔ سونمرگ۔ گُمری روڈ پر زوجیلہ کے نزدیک پیش آئے حادثے میں انسانی جانوں کے زیاں پر افسوس کا اظہار کر تے ہوئے زخمیونکی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔

اس دوران پارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے آج سرینگر میں پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار نے لوگوں کی راحت رسانی میں انتہائی ذمہ داری کا مظاہرہ کیا ہے۔

بھاجپا نامہ

جموں کشمیر کے صدر اور پارلیمنٹ ممبر ست شرما نے آج جموں میں ایک تقریب کے BJP
______________________ دوران گرو روی داس کی تعلیمات پر مشتمل ایک تصنیف
کی رسم رونمائی انجام دی ۔یہ کتاب پارٹی کے ترجمان اور برٹش روی داسا "Keh Ravidass"©
ہیرٹیج فاؤنڈیشن کے قومی جنرل سیکریٹری بلبیر رام رتن نے تصنیف کی ہے۔

دریں اثنا ءپارٹی کے پردیش صدر اور جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول کی صدارت میں جموں میں پارٹی ورکروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔

اس دوران پارٹی کے سٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے الزام عائد کیا ہے کہ نیشنل کانفرنس ، پی ڈی پی اور کانگریس جماعتیں لوگوں کے مسائل پر دھیان دینے کے بجائے جموں کشمیر میں نئے ڈویژنز کے قیام کی سیاسی مانگ سے انہیں گمراہ کر رہی ہیں۔

PDPاحتجاج

پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی نے عمر عبداللہ والی سرکار پر لوگوں کیخواہشات اور امنگوں کوپورا کرنے میننا کام ہونے کا الزام لگایاہے ۔ پارٹی کے کئی لیڈروں اور کارکنوں نے آج سرینگر میں اس سلسلے میں احتجاجی مظاہرہ کیامیڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سید تجمل نے کہا۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے کہا ہے کہ وادی میں ٹولپ سیزن کے با وجود سَیاحوں کی آمد میں کمی واقع ہوئی ہے۔ انہوننے سرکار پر الزام لگایا ہے کہ وہ سِیاحتی سیکٹر کو فروغ دینے میں ناکام ہوئی ہے۔

*........اب پیش ہیں پولیس کی منشیات مخالف اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

----

کشمیر پولیس

سر دار ولبھ بھائی پٹیل کی جنم جینتی کے سلسلے میں ایک سال تک جا ری رہنے والے پروگراموں کے تحت پولیس کے اہتمام سے پلوامہ اور اونتی پورہ میں میراتھان کا انعقاد ہوا، جن میں سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

اس دوران بڈگام میں ایکتا دِوس کی مناسبت سے پولیس کے اہتمام سے سائیکلوتھان کا انعقاد ہوا۔

پلوامہ پولیس نے غیر قانونی کان کنی میں استعمال کی جانے والی تین گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔

پولیس نے شوپیان میں مشتاق احمد کھانڈے نامی ایک ڈرگ سمگلر کا یک منزلہ رہائشی مکان اٹیچ کیا ہے۔

جموں پولیس

جموں صوبے کے سانبہ ضلع میں پولیس کے اہتمام سے سیوک ایکشن پروگرام کے تحت منعقدہ والی بال ٹورنا منٹ اختتام پذیر ہو گیا ہے۔

اس دوران جموں پولیس ساوتھ زون نے بیروزگار نوجوانوں کو بیرون ملک نوکریوں کا جھانسہ دلانے کے ایک گروہ کاپردہ فاش کرتے ہوئے5افراد کو گرفتار کیا ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو نے پلوامہ ضلعے میں اونتی پورہ کے جل شکتی میکنیکل ڈویژن ساوتھ کے ایگزیکٹیو انجینئر منظور احمد ڈار کو 12ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔ ACB-اس معاملے میں مزید تحقیقات کر رہا ہے

## فوج

فوج کی شمالی کمان کے اہتمام سے آج ادھمپور فوجی ہیڈ کواٹر میں تقسیمِ انعامات کی ایک تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت شمالی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ ان چیف لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما نے کی ۔

جموں میں فوج کے ترجمان لیفٹنٹ کرنل سنیل برتوال نے کہا کہ اس تقریب کے دوران52فوجی اہلکاروں اور41 فوجی یونٹس کو اُن کی غیر معمولی کارکردگی اور بہادری کےلئے اعزازات سے نوازا گیا۔

## ریلوے

گرمائی چھٹیوں کے دوران مسافروں کے ممکنہ رش کو دیکھتے ہوئے شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے جموں اور چھپرا کے درمیان خصوصی ٹرین سروس چلانے کا اعلان کیا ہے۔جموں ڈویژن کے سینئر ڈویژنل کمشنر منیجر اُچت سنگل نے کہا ہے کہ اس خصوصی سروس سے جموں ، پنجاب ، اُتر پردیش اور بہار سے سفر کرنے والے مسافروں کوسفر کی آرام دہ سہولیات دستیاب رہیں گی۔

## موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت24اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 22 منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر49منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔